19.01.2025
21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں فرقان خان
Music

…………………………………………

1۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے خلا نوردی میں بھارت کی تاریخی حصولیابیوں اور جدید خلائی ٹیکنالوجی میں بڑھتی ہوئی مہارت کی تعریف کی ہے۔ اِس سال اپنی پہلی ’من کی بات‘ میں خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے ملک میں ابھرتے ہوئے اسٹارٹ اپ ایکو نظام کو سراہا۔ انھوں نے ناگالینڈ میں کئے گئے اسٹارٹ اپ رجسٹریشن میں 200 فیصد اضافے کا خاص طور پر ذکر کیا۔

2۔ قدرتی آفات سے نمٹنے والی قومی فورس نے اپنا 20واں یومِ تاسیس منایا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ NDRF نے قدرتی آفات کے دوران کارروائی اور بندوبست کے میدان میں عالمی معیارات قائم کئے ہیں۔

3۔ اسرائیل اور حماس کے درمیان غزہ جنگ بندی اور یرغمالوں کی رہائی کے معاہدے پر عمل شروع ہوگیا ہے۔

4۔ بھارت کے محکمہ موسمیات نے شمالی بھارت کے بہت سے علاقوں میں اگلے پانچ دن کے دوران بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔

5۔ بھارت نے پہلے کھوکھو عالمی کپ میں تاریخ رقم کی ہے کیونکہ مردوں اور خواتین کی ٹیموں نے نئی دلّی میں ٹرافیز اپنے نام کرلی ہیں۔

6۔ اور 19 سال سے کم عمر کی خواتین کے ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں کوالالمپور میں بھارت نے ویسٹ انڈیز پر 9 وکٹ سے جیت حاصل کی۔

…………………………………………

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

PM Mann Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی نے حال ہی میں خلا میں دریافتوں کے شعبے میں، بھارت کی تاریخی حصولیابیوں اور خلا سے متعلق جدید ٹیکنالوجی میں بڑھتی ہوئی مہارت کی تعریف کی ہے۔ آج آکاشوانی پر 2025 کے اپنے پہلے ’من کی بات‘ پروگرام میں ملک سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ملک، مستقبل کے چیلنجوں کا حل فراہم کرنے والے دور اندیش سائنسدانوں اور اختراع کاروں کی وجہ سے، خلائی ٹیکنالوجی میں، نئے نقوشِ راہ قائم کر رہا ہے۔

بینگلورو میں قائم بھارتی Space Tech اسٹارٹ اَپ Pixxel کے ذریعے، ملک کے پہلے پرائیویٹ

سیٹلائٹ Constellation ’فائر فلائی‘ کو کامیابی کے ساتھ خلا میں بھیجنے پر اُس کی تعریف کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اِسے، خودکفالت کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا۔

وزیر اعظم نے بھارت کی خلائی تحقیق کی تنظیم ISRO کے ذریعے حال ہی میں، خلا میں مصنوعی سیارچوں کی کامیاب Docking کی بھی تعریف کی۔ انھوں نے کہا کہ یہ ٹیکنالوجی خلائی اسٹیشنوں کیلئے سامان بھیجنے اور خلا میں عملے کو بھیجنے کے مشن کیلئے نہایت اہم ہے۔

S/B PM Space Docking

جناب مودی نے خلا میں پودے اُگائے جانے کے سلسلے میں سائنسدانوں کی کوششوں کی طرف بھی اشارہ کیا اور کہا کہ ISRO کے سائنسدانوں نے لوبیے کے بیجوں کو کامیابی کے ساتھ اُگایا۔ اِس کامیابی کو ایک تحریک دینے والا تجربہ قرار دیتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اِس سے مستقبل میں خلا میں سبزیاں اُگانے کا راستہ ہموار ہوگا۔

انھوں نے IIT مدراس کے EXTeM مرکز کی بھی تعریف کی جو خلا میں مصنوعات سازی کیلئے نئی ٹیکنالوجیز پر کام کر رہا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ EXTeM کی تحقیق سے ملک کے گگن یان مشن، نیز مستقبل کے خلائی اسٹیشن کو استحکام حاصل ہوگا اور اِس سے مصنوعات سازی میں جدید ٹیکنالوجی کے نئے موقعے پیدا ہوں گے۔

اترپردیش کے شہر پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ میں نوجوانوں کی شرکت پر وزیر اعظم نے کہا کہ جب نوجوان نسل اپنے تمدن سے، فخر کے ساتھ وابستہ ہوتی ہے تو اُس کی جڑیں اور مضبوط ہوجاتی ہیں۔

حال ہی میں ایودھیا میں، رام للا کی پران پرتشٹھا کی پہلی سالگرہ کی تقریبات کے دوران لاکھوں عقیدتمندوں کی شرکت کے بارے میں وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ ترقی کے راستے پر کام کرتے ہوئے ملک کی وراثت کا تحفظ کرنے کی کوششیں کی جائیں اور اِن سے تحریک بھی حاصل کی جائے۔

وزیر اعظم مودی نے یہ کہتے ہوئے ملک میں ابھرتے ہوئے اسٹارٹ اپ ایکو نظام کی تعریف کی کہ ناگالینڈ میں اسٹارٹ اَپس کے رجسٹریشن میں پچھلے سال 200 فیصد سے بھی زیادہ اضافہ ہوا۔ اسٹارٹ اَپس انڈیا پہل کے 9 سال پورے ہونے پر جناب مودی نے خاص طور پر چھوٹے شہروں میں ملک کے اسٹارٹ اپ کلچر کے قابل ذکر نشو ونما کی تعریف کی۔

S/B PM Start UP

Mahakumbh-Mann Ki Baat

پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ میں آج لوگوں نے آکاشوانی پر وزیر اعظم نریندر مودی کا من کی بات پروگرام سنا۔ جناب مودی نے اپنے اس ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں مہاکمبھ 2025 کے مختلف پہلوؤں پر اظہارِ خیال کیا۔ انھوں نے کہا کہ مہا کمبھ مساوات اور ہم آہنگی کا غیر معمولی سنگم ہے۔ ×

Mahakumbh ODOP

اب کچھ خبریں پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ میلے کی......

Mahakumbh Montage Open

مہاکنبھ کی وجہ سے، پورے ملک کے کاریگروں کیلئے ایک سنہری موقع فراہم ہوا ہے۔ یہ عظیم اجتماع پریاگ راج میں سنگم کے مقام پر چھ ہزار مربع میٹر رقبے میں منعقد ہو رہا ہے، جس میں ’ایک ضلع، ایک پروڈکٹ‘ کی نمائش خاص طور پر کی جارہی ہے۔

ایک رپورٹ............

VC Anand Kumar

فیروز آباد کے قالین، زردوزی، شیشے کے کھلونے، وارانسی کے لکڑی کے کھلونے اور دستکاری کی دیگر مصنوعات، عقیدتمندوں کیلئے بڑی دلکشی کی چیزیں ہیں۔ آکاشوانی کے نامہ نگار سے بات کرتے ہوئے پریاگ راج ڈویژن کے، صنعتوں کے جوائنٹ کمشنر شرد ٹنڈن نے کہا کہ مختلف مصنوعات کی نمائش کیلئے تقریباً 140 اسٹالس قائم کئے گئے ہیں۔

یہ ’ایک ضلع ایک پروڈکٹ‘ پہل، دستکاری اور دیہی صنعتوں کو فروغ دینے کی ایک بے مثال کوشش ہے۔
مہاکنبھ 2025 سے نہ صرف روحانی اور ثقافتی صنعت کو استحکام حاصل ہو رہا ہے بلکہ یہ کاروباریوں کیلئے ایک وسیع پلیٹ فارم بھی ہے۔ اِس بار امید ہے کہ اِس مہاکنبھ میلے میں اِس طرح کی مصنوعات کا کاروبار 75 کروڑ روپئے تک پہنچ جائے گا۔

پریاگ راج سے آنندکمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اسلم بیگ

Maha Kumbh Fire

پریاگ راج میں آج شام مہا کمبھ میلے کے علاقے میں سیکٹر 19 میں آگ لگ گئی، حالانکہ اس آگ پر جلد ہی قابو پالیا گیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی فائر سروسز، NDRF اور SDRF کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر آگ کو بجھا دیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اس سلسلے میں اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ سے فون پر بات کی۔ وزیر اعلیٰ نے جائے حادثہ کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران کو حکم دیا کہ وہ راحت کے کاموں کو جنگی سطح پر انجام دیں۔ x

Lead PM NDRF

قدرتی آفات سے نمٹنے والی قومی فورس آج اپنا 20واں یومِ تاسیس منا رہی ہے۔ اِس موقع پر وزیراعظم نریندر مودی نے اپنے پیغام میں بہادر عملے کو سلام پیش کیا ہے۔

آج وجے واڑہ میں NDRF کے 20ویں یوم تاسیس کی تقریب کے دوران، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ بھارت، قدرتی آفات کے بندوبست میں ایک عالمی رہنما کے طور پر ابھرا ہے اور ملک میں قدرتی آفات کی صورت میں مستحکم بنیادی ڈھانچے کے میدان میں وہ دنیا کی قیادت کر رہا ہے۔

S/B Amit Shah Global Leader

تقریب کے دوران جناب شاہ نے 220 کروڑ روپئے کی لاگت والے بہت سے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔وزیر موصوف نے آندھراپردیش کی ترقی کی داستان میں، NDA حکومت کی مدد کو اجاگر کیا۔

انھوں نے کہا کہ مرکز نے ریاست کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کیلئے پچھلے کچھ مہینوں کے دوران، مجموعی طور پر تین لاکھ کروڑ روپئے سے زیادہ کی منظوری دی ہے۔x

Dehli Election

70 رُکنی دلّی اسمبلی کے انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی واپس لینے کا کل آخری دن ہے۔ کُل 719 امیدوار میدان میں ہیں۔ سب سے زیادہ 23 امیدوار نئی دلّی اسمبلی حلقے سے ہیں، جبکہ سب سے کم پٹیل نگر اور کستوربا نگر سے پانچ پانچ امیدوار میدان میں ہیں۔ اعلیٰ انتخابی افسر کے مطابق ایک ہزار 522 میں سے 477 نامزدگیوں کو منسوخ کیا گیا ہے۔ دلّی اسمبلی کے انتخابات کیلئے 5 فروری کو ووٹ ڈالے جائیں گے اور ووٹوں کی گنتی 8 فروری کو ہوگی۔ x

EPFO Member Profile

ملازمین کے پروویڈنٹ فنڈ کی تنظیم EPFO نے، ارکان کی تفصیلات کو تازہ شکل دینے کے، آن لائن عمل کو آسان بنایا ہے۔ جن ارکان کے پاس یونیورسل کھاتہ نمبر ہیں، اُنھیں آدھار کے ذریعے مجاز قرار دے دیا گیا ہے اور وہ اپنے نام، تاریخ پیدائش، صنف، قومیت، والد یا والدہ کا نام، جوائننگ کی تاریخ اور ملازمت خود چھوڑ دینے کی تاریخ جیسی تفصیلات شامل کرسکتے ہیں جس کیلئے اُنھیں کوئی دستاویز اَپ لوڈ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

محنت اور روزگار کی وزارت نے بتایا کہ تازہ ترین معلومات فراہم کرنے سے، اُن تقریباً تین لاکھ 90 ہزار ارکان کو فوری طور پر فائدہ ہوگا جن کی درخواستیں مختلف مراحل میں زیر التوا ہیں۔x

Saif Attacker

اداکار سیف علی خان پر حملے کے معاملے میں ممبئی پولیس نے آج مہاراشٹر کے تھانے ویسٹ کے علاقے سے ایک شخص کو گرفتار کیا ہے۔ اس شخص کی شناخت محمد شریف الاسلام شہزاد کے طور پر کی گئی ہے۔ یہ شخص چوری کے ارادے سے سیف علی خان کے گھر میں داخل ہوا تھا۔

ممبئی پولیس کا کہنا ہے کہ اس شخص کے پاس کوئی بھارتی شناختی کارڈ نہیں ملا ہے اور جو سامان ضبط کیا گیا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کا تعلق بنگلہ دیش سے ہے۔x

Gaza Ceasefire

اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی، جس کا طویل عرصے سے انتظار تھا، آج غزہ پٹی میں لاگو ہوگئی ہے، جو 15 مہینے سے جاری اِس لڑائی میں امکانی طور پر ایک اہم موڑ ہے۔ اِس لڑائی میں ہزاروں جانیں ضائع ہوچکی ہیں۔ جنگ بندی کے اِس معاہدے پر عملدرآمد، یرغمالوں کی فہرست کے بارے میں عین وقت پر پیچیدگی کی وجہ سے تقریباً تین گھنٹے کی تاخیر ہوئی جس سے اِس بات کا اندازہ ہوتا ہے کہ یہ معاہدہ، کس قدر نازک نوعیت کا ہے۔ ثالث ملک قطر نے آج اِس معاہدے کے آغاز کی تصدیق کی ہے۔ اُدھر اسرائیل نے بھی اُن تین یرغمالوں کے نام، حماس

کی طرف سے موصول ہونے کی تصدیق کی ہے جنھیں معاہدے پر عملدرآمد کے پہلے دن رہا کیا جائے گا۔

VC Vinod Kumar

قطر، مصر اور امریکہ کے ہاتھوں کرائے گئے معاہدے کی شرائط کے مطابق حماس، 6 ہفتے کی مدت میں 33 یرغمالوں کو رِہا کرے گا، جن میں تین خواتین بھی شامل ہیں۔ یہ رہائی معاہدے کے نفاذ کے پہلے دن کی جائے گی۔ بدلے میں اسرائیل نے سیکڑوں فلسطینی قیدیوں کو رہا کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ معاہدے کے مطابق بہت سے کراسنگ مقامات کے راستے غزہ میں، انسانی ہمدردی کی بنیاد پر مزید امداد پہنچائی جاسکے گی۔ خوراک کے عالمی پروگرام کے ٹرکوں نے، غزہ میں لازمی سامان پہنچانا شروع کردیا ہے۔ جنگ بندی معاہدے کے عملدرآمد پر وہ سبھی متعلقہ فریق قریبی نظر رکھیں گے، کیونکہ اِس کی کامیابی سے خطے میں جامع امن مذاکرات کیلئے مزید راستہ ہموار ہوگا۔

اِسی دوران، دونوں طرف کے کنبے، ملی جلی امیدوں اور خدشات کے ساتھ اِس بات کے منتظر ہیں کہ اُن کے عزیز کب رہا کئے جاتے ہیں۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں کونین حیدر

US Tiktok Ban

امریکہ میں، Tiktok کے لاکھوں صارفین اب اِس سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر ویڈیوز نہیں دیکھ سکیں گے، کیونکہ اِس مقبولِ عام ایپ پر، وفاقی سطح پر آج سے بندش عائد کردی گئی ہے۔ یہ بندش منتخبہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی افتتاحی تقریب سے ایک دن پہلے عائد کی گئی ہے۔ یہ بندش Tiktok کی چینی ملکیت کے معاملے پر کئی مہینے کی قانون جدوجہد اور چھان بین کے بعد عائد کی گئی ہے۔ ایک نیوز نیٹ ورک کو دیئے گئے انٹرویو میں جناب ٹرمپ نے کہا کہ وہ Tiktok کو 90 دن کی توسیع دینے کے بارے میں سوچ رہے تھے۔ اُدھر Tiktok کے سی ای او Shou Chew کے بارے میں امید ہے کہ وہ ٹرمپ کی اِس افتتاحی تقریب میں شرکت کریں گے۔ x

IMD Western Disturance

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے سبب، مغربی ہمالیائی خطے، جموں وکشمیر، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں، اگلے پانچ دن کے دوران بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔

IMD کے سائنسداں ڈاکٹر نریش کمار نے کہا کہ پنجاب، ہریانہ، مغربی اترپردیش، دلّی NCR اور شمالی راجستھان میں اِس مہینے کی 22 اور 23 تاریخ کو بارش کا امکان ہے۔

S/B Naresh Kumar

IMD نے شمالی بھارت کے میدانی علاقوں میں اگلے تین دن کے دوران، دو سے تین ڈگری سیلسئس درجہ حرارت بتدریج کم ہونے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ x

Khol Kho World Cup

کھوکھو عالمی کپ کے پہلے ایڈیشن میں بھارت کی خواتین اور مردوں کی ٹیموں نے عالمی چمپئن کے خطاب جیت لئے ہیں۔ خواتین کی ٹیم نے نیپال کی خواتین ٹیم کو 78-40 سے، جبکہ مردوں کی ٹیم نے نیپال کی ٹیم کو 54-36 سے شکست دے دی۔ میچ کے بعد اظہار خیال کرتے ہوئے بھارتی ٹیم کے کوچ سُمت بھاٹیہ نے نیپال کی ٹیم کی کوششوں کی ستائش کی۔ انھوں نے کہا کہ نیپال کی ٹیم نے اچھا مقابلہ کیا لیکن بھارتی ٹیم کی حکمت عملیوں کی وجہ سے بھارت نے فتح حاصل کی۔ کپتان پرینکا اِنگلے نے کہا کہ یہ جیت کھلاڑیوں اور کوچز کی محنت اور انتھک کوششوں کا نتیجہ ہے۔ x

Women's Cricket

19 سال سے کم عمر کی خواتین کے ICC ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں کوالالمپور کے Bayuemas Oval میں بھارت نے ویسٹ انڈیز کو 9 وکٹ سے ہرا دیا۔ ویسٹ انڈیز نے دفاعی چمپئن بھارت کے سامنے جیت کیلئے 45 رن کا ہدف رکھا تھا۔ ویسٹ انڈیز کی پوری ٹیم 13 اوورس اور دو گیندوں میں 44 رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ بھارتی ٹیم نے یہ ہدف، چار اوورس اور دو گیندوں میں حاصل کرلیا۔ اس سے پہلے بھارتی ٹیم کی کپتان نِکی پرساد نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ x

Badminton

نئی دلی میں بھارتی اوپن بیڈمنٹن میں، ڈینمارک کے وکٹر ایکسلسن نے مردوں کے سنگلز کا خطاب جیت لیا ہے۔ انھوں نے ہانک کانگ کے سی یو لی کو سیدھے سیٹوں میں 21-16 سے شکست دی۔

خواتین کے سنگلز میں جنوبی کوریا کی آن سے یانگ نے فائنل مقابلے میں تھائی لینڈ کی پی Chochuwong کو 21-12 اور 21-9 سے شکست دے کر یہ خطاب اپنے نام کرلیا۔ ×

☆☆☆☆☆☆☆☆